31/05/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شیخ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*....... پہلگام دہشت گردانہ حملہ ملک کی ناری شکتی کیلئے ایک بڑ ا چلینج تھا//وزیر اعظم نریندر مودی ۔

*.......زرعی سرگرمیوں کو دوام بخشنے کیلئے 15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان جاری۔

*....... تولہ مولہ گاندربل میں3جون کو منعقد ہونے والے میلہ کھیر بھوانی کے سلسلے میں انتظامات کو دی جا ری ہے حتمی شکل۔

اور

*.......تمباکو نوشی مخالف دن آج // وزیر اعلیٰ کاتمباکو نوشی سے اجتناب کرنے پر زور ۔

وزیرا عظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پہلگام میں دہشت گردانہ حملہ ملک کی ناری شکتی کیلئے ایک چلینج تھا اور یہ قصورواروں کیلئے موت کا کنواں ثابت ہوا۔ جمبوری میدان بھوپال میں آج لوک ماتا دیوی اہلیا بھائی کے 3سوویں جنم دن کے سلسلے میں منعقدہ وومن ایمپاؤر منٹ مہا سمیلن سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کسی بھی طرح کے درپردہ جنگ کو برداشت نہیں کرے گا اور دہشت پسندی کے کسی بھی واقعے کو مصمم طریقے پر جواب دیا جائے گا۔

وفود

دہشت پسندی کے خاتمے کیلئے بھارت کے مصمم ارادے کے اظہار کے طور پر سات کثیر پارٹی پارلیمانی وفود اپنے غیر ملکی سرکاری دورے پر اعلیٰ سطح کی بات چیت میں مصروف ہیں۔

کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ششی تھرور کی قیادت میں کُل جماعتی وفد نے جو کہ اس وقت کولمبیا کے دورے پر ہے ، کولمبیا کی نائب وزیر خارجہ Rosa Yolanda اور ان کے سینئر ساتھیوں کے ساتھ ملاقات کی ۔

جتندر سنگھ

سائنس وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹرجتندر سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کے سرحدی علاقوں کی طرف توجہ دیکر آخری گاؤں ہونے کا نظریہ ہی تبدیل کیا ہے۔ جموں میں ایک تقریب کے دوران انہوں نے کہا کہ سرحدی علاقوں کی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے متعدد پروجیکٹ عملائے جا رہے ہیں۔

فوجی سربراہ

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے آج پرگوال سیکٹر میں آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ ٹائیگر ڈویژن کا دورہ کیا۔ انہوں نے آپریشن سندور کے دوران فوج کی بے مثال کار کردگی کیلئے ان کی تعریف کی۔ انہوننے باڈر سیکورٹی فورس کے کام کی بھی ستائش کی ۔ اس سے پہلے فوجی سربراہ نے کل راجوری کے سندر بنی سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر اگلی چوکیوں کا دورہ کرکے وہاں فوجی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

پرم ویر چکر

آپریشن سندور کی کامیابی پر قوم، ہتھیار بند فوج کو خراج تحسین پیش کر رہی ہے۔ آکاشوانی نیوز نے بھی بہادر فوجی جوانوں کو خراج پیش کرنے کا سلسلہ شروع کیا ہے۔

آج ہم پرم ویرچکر ایوارڈ یافتہ میجر سومناتھ شرما کو یاد کررہے ہیں۔پیش ہے آکاشوانی دلی کے نمائندے کی یہ رپورٹ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری نے آج راجوری ضلعے کے نوشہرہ ڈویژن کا دورہ کر کے لوگوں کے مسائل کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران متعدد وفود اُن سے ملاقی ہوئے۔ نائب وزیراعلیٰ نے لوگوں کو یقین دلایا کہ انکے جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

کرشی سنکلپ

ملک میں12جون تک جاری رہنے والی 15روزہ وکست کرشی سنکلپ ابھیان ان دنوں شد و مد سے جاری ہے ۔ اس مہم کے دوران کسانوں میں کاشت کاری کے جدید طور طریقوںاور اعلیٰ پید ا وار دینے والے بیجوں کے فوائد سے متعلق بیداری پیدا کی جا رہی ہے ۔

کے سینٹرل انسٹی چیوٹ آف ٹیمپریٹ ICAR اس مہم کے بارے میں رنگریٹ سرینگر میں قائم ہارٹیکلچر کے ڈائریکٹر ڈاکٹرمہیندر کمار ورما نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

کولگام

پردھان منتری کسان اُورجا ایےوم اٹھان مہا بھیان ‘‘ ، پی ایم کُسم اسکیم کے تحت کسانوں کو ’’ سولر واٹر پمپ فراہم کئے جاتے ہیں تاکہ وہ آسانی کے ساتھ اپنی کھیتوں کو سیراب کر سکیں ۔ اسکیم کے تحت اب تک پلوامہ میں650، اننت نا گ میں 550 جبکہ کولگام ضلع میں 94پمپ کسانوں میں تقسیم کئے گئے ہیں۔ اس حوالے سے ڈیپارٹمنٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی جموں کشمیر کے ڈپٹی CEO مظفر احمد ملک نے ہمارے کولگام نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

کپوارہ میٹنگ

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج کپوارہ میں ضلع ترقیاتی بورڈ میٹنگ کے دوران کپوارہ ضلعے کے مجموعی ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ حکومت لوگوں کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کےلئے وعدہ بند ہے۔ انہوننے کہا کہ سرحدی اور دور اُفتادہ علاقوں کی طرف خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوننے ضلعے میں تمام محکموں کے کام کاج کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔وزیر موصوفہ نے حال ہی میں تعینات آنگن واڑی وکرونمیں تعیناتی آڈر اور جسمانی طور خاص افراد میں Tricycle تقسیم کئے گئے۔ بعد میں ہمارے کپواڑہ کے نمائندے رفیق احمد کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا ۔

درخشاں

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے آج عیدالاضحی کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ جموں مینمیڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے تمام محکموں کو ہدایت دی کہ وہ انتظامات کو حتمی شکل دے کر اس بات کو یقینی بنائیں کہ لوگوں کو نماز عید ادا کرنے میں کسی قسم کی دقتونکا سامنا نہ کرنا پڑے ۔

تولہ مولہ

تولہ مولہ گاندربل میں تین جون کو منعقد ہونے والے سالانہ کھیر بھوانی میلے کے سلسلے میں سلامتی سمیت تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ، تاکہ شردھالوں کو کسی قسم کی دقتوں کا سامنا نہ کرنا پڑے۔اس ضمن میں IGP، کشمیر وی کے بردی DIG سینٹرل کشمیر رینج DIG سی آر پی ایف نارتھ سُدھیر کمار سنگھ نے آج کھیر بھوانی کا راجیو اوم پرکاش پانڈے ،

کشمیر وی کے بردی نے میڈیا کے ساتھ بات IGP دورہ کرکے انتظامات کا جائزہ لیا۔ بعد میں کرتے ہوئے کہا۔

استھاپن پر مقامی پنڈت برادری کے ساتھ ساتھ جموں اور ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے پنڈت برادری کے لوگ بھی اچھی خاصی تعداد میں حاضری دیتے ہیں۔جن کیلئے گاندربل ضلع انتظامیہ ہر ممکن سہولیات بہم کرا رہی ہے ۔اس حوالے سے گاندربل کے ڈپٹی کمشنر جتن کشور نے آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کی موبائیل ایپلیکشن نیوز آن

تمباکو نوشی

آج تمباکو نوشی مخالف بین الاقوامی دن ہے ۔ آج کے دن دنیا بھر میں تمباکو نوشی کے مضر اثرات اجا گر کرکے متعلقین میں بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات ڈاکٹر میر فیصل نے اس دن کی اہمیت کے Pulmonologist کرتے ہوئے وادی کے ایک معروف بارے میں کہا۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس دن کے موقعے پر لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ تمباکو نوشی سے ہر صورت میں احتراز کریں ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاکہ تمباکو سے دور رہنے سے انسان کا نظام تنفس مضبوط رہتا ہے اور بلا کسی آلائش کے اپنی زندگی گذار سکتا ہے ۔

آنکھ زخم

Ocular بچوں اور نوجوانوںکی آنکھوںکو مختلف صورتوں کے ذریعے زخم لگنے کو کہتے ہیں ۔اس زخم سے انسان کی قوت بینائی پر کافی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس Trauma شعبے کے سربراہ اور پروفیسر Opthalmology تعلق سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں ڈاکٹر جنید وانی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

گرفتار

اینٹی کورپشن بیورو نے لوکہ بھون لارکی پورہ اننت ناگ کے پٹواری کو دس ہزار روپے کی رشوت لیتے ہوئے گرفتار کرنے کے علاوہ دور بین گھپلہ کیس میں پانچ ملزموں کو قصوروار قرار دیا ہے۔ محکمہ تعلیم جموں نے سال2004-05میں سرکاری سکولوں کےلئے انتہائی مہنگے داموں دوربین خریدے تھے جس کے بعد اس معاملے کی تحقیقات شروع کی گئی تھی۔ سپیشل جج اینٹی کورپشن نے آج اس معاملے کے سبھی پانچ ملزموں کو قصور وار قرار دیا ہے۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن مینچیر مین ایمپلائز جوائنٹ کنسلٹیٹو کمیٹی جموں کشمیر اعجاز احمد خان نے کہا ۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج پارٹی کے خواتین ونگ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل حل کرنے کیلئے جی جان سے کام کر رہی ہے اور انہیں ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھی جا رہی ہے ۔اس اجلاس میں خواتین ونگ کی پارٹی سرگرمیوں اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

دریں اثنا ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے حضرت میاں نظام الدین لاروی ؒ کے عرس پرزائرین کی سہولیات کیلئے تمام مناسب انتظامات کرنے پر زور دیا ہے ۔

BJP

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں کشمیر نے اپنے ارکان قانون سازیہ کیلئے ذمہ داریوں کا اعلان کیا ہے۔ سنتوش BLکے قومی جنرل سیکریٹری BJPنڈا، JP کے قومی صدرBJP پارٹی صدر ست شرما نے اور کئی دیگر لیڈروں کے ساتھ مشاورت کے بعد متعلقہ ممبران کو اپنی اپنی ذمہ داریاں سونپ دی ہیں۔

جموں کشمیر میں ایک فعال BJP پارٹی کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ جوابدہ اور ترقیات پر مبنی حکمرانی عمل کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

سریکلچر

محکمہ سریکلچرنے ریشم کے کیڑ ے پالنے والے کسانوں کیلئے ایک تفصیلی ایڈوائزری جاری کی ہے تاکہ وہ بارشوں کے اس موسم میں کیڑوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھ سکیں۔ محکمہ کے ڈائریکٹر اعجاز احمد بٹ نے کسانوں پر زور دیا ہے کہ وہ ماہرانہ مشوروں کیلئے ضلع سریکلچر افسروں کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔

عرس

بانی اسلام کشمیرحضرت میر سید علی ہمدانی ؒ کا عرس مبارک تین جون کومنایاجا رہا ہے۔ اس سلسلے میں اُن کے آستان عالیہ پر ختمات المعظمات ، نعت و مناجات اور درود و اذکار کی مجالس آراستہ ہو رہی ہیں۔

ماک ڈرل

ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کے اہتمام سے آج شام پانچ بجے سے سرینگر میں " آپریشن شیلڈ " کے تحت ایک سول ڈیفنس ماک ڈرل کا اہتمام ہو رہاہے ۔ ماک ڈرل کا مقصد عام لوگوں کو ہنگامی حالات سے نمٹنے کے مختلف پہلووں سے آگاہ کرانا ہے ۔ آج شام آٹھ بجے بلیک آوٹ بھی کیا جائے گا ۔ اتھارٹی نے عام لوگوں سے تعاون کی اپیل کی ہے ۔

لیہہ

جمونو کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کی جج اور لداخ لیگل سروسز اتھارٹی کی ایگزیکٹیو چیرمین جسٹس سندھو شرما نے آج ڈسڑکٹ کورٹ کمپلیکس لیہہ میں دوسری قومی لوک عدالت کاورچول طریقے پر افتتاح کیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات ہلکی سے درمیانہ درج کی بارش یا چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 14اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 11اعشاریہ8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ9ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19اعشاریہ3ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر21 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر37منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

...............................................

...............................